**07/07/2025**

**12.30 PM(5 min)**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ مشاہد حسین سے خبریں سُنئے**

**اعلامیہ**

**سربراہ BRICS میں جاری Rio De Janeiro ایک اہم پیش رفت کے تحت برازیل کے شہر کانفرنس میں**
**”رہنماو**

---

**ں کے اعلامیے” میں 22 اپریل کو جموں و کشمیر میں پہلگام حملے کی سخت ترین مذمت کی ۂ**
**BRICS گئی ہے۔**
**رہنماو**

---

**ں نے ہر طرح کی دہشت پسندی سے لڑنے کے عزم کو دوہرایا جس میں سرحد پار سے دہشت ۂ**
**گردوں کی نقل و حرکت،**
**ا**

---

**ن کی محفوظ پناہ گاہیں اور دہشت پسندی کے لئے رقوم فراہم کرنا شامل ہیں۔ اعلامیے میں زور ±**
**دے کر کہا گیا ہے کہ دہشت پسندی کو ہرگز برداشت نہ کرنے کی یقین دہانی کی جائے اور دہشت**
**پسندی سے لڑنے میں دوہرے معیارات کو مسترد کیا جائے۔**

**وزیراعظم**

**مدعوئین کے ساتھ Outreach ارکان، شراکت داروں اور BRICSوزیراعظم نریندر مودی نے،**
**اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس کا موضوع Outreach سربراہ کانفرنس کے BRICS ساتھ 17وِیں**
**تھا ”کثیر ملکیت کو مستحکم کرنا، اقتصادی و مالی امور اور مصنوعی ذہانت“۔**

**عالمی تعاون اور ایک کثیر قطبی دنیا کے لئے // BRICS وزیراعظم نے اپنے خطاب میں کہا کہ**
**کی قیادت والے پروجیکٹوں میں مانگ کی بنیاد پر اپنائے NDB تیز رفتار عمل ہے۔ انھوں نے**

جانے والے نظریے اور طویل مدتی مالی پائیداری پر زور دیا۔وزیراعظم نے مصنوعی ذہانت کے بارے میں ذمہ دارانہ حکمرانی پر بھی زور دیا ۔

**BRICS**

وزیراعظم نریندر مودی نے پہلگام حملے کی سختی سے مذمت کرنے والے رکن ملکوں اور اجلاس میں امن و BRICS بھارت کے لئے یگانگت کا اظہار کرنے والے ممالک کا شکریہ ادا کیا۔ سلامتی سیشن کے دوران دہشت پسندی کا معاملہ اٹھاتے ہوئے انھوں نے کہا کہ پہلگام حملہ نہ صرف بھارت کے لئے بلکہ پوری انسانیت کے لئے ایک دھچکہ تھا۔ وزیراعظم نے ایک بار پھر کہا کہ بھارت، تنازعات کے حل اور عالمی امن کے حصول کے لئے مذاکرات اور سفارتی BRICS کوششوں کا حامی ہے۔انھوں نے اگلی سربراہ کانفرنس کے لئے رہنماو

---

ں کو بھارت میں مدعو کیا جو اگلے سال بھارت کی صدارت میں منعقد ہوگی۔۔

**کانفرنس**

سرینگر میں سیاحتی سیکریٹریوں کی اپنی نوعیت کی پہلی دو SKICC جمونو کشمیر آج سے روزہ قومی کانفرنس کی میزبانی کر رہا ہے۔ کانفرنس میں سیاحت کے مرکزی وزیر کے علاوہ ملک بھر سے ٹور ازم سیکریٹریز اور دیگر اعلیٰ آفیسر شرکت کررہے ہیں۔ کانفرنس میں جموں وکشمیر میں سیاحتی سیکٹر کو فروغ دینے کے امکانات تلاش کئے جائیں گے۔

**جتیندر سنگھ**

سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ ادھمپور میں دیہی ترقی کا ایک نیا باب شروع ہو رہا ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انھوں نے کہا کہ ایک ماہ طویل مارکیٹ کھلا ہوا ہے جس دوران کِرم کشوں بالخصوص خواتین کو فئیر Cocoon Auction پرائسز ، سرکاری امداد اور شفاف تجارتی ماحول فراہم کیا جا رہا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کو با اختیار بنانے ، دیہی روزگار اور مقامی اقتصادیات کی طرف یہ ایک بڑا قدم ہے ۔

**ایل جی ملاقات**

جے اینڈ کے وومن لائرس ایسوسی ایشن کی صدر ایڈووکیٹ حنا سلطان نے راج بھون سرینگر میں کل لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی۔ بارہمولہ سپورٹس ایسوسی ایشن کے ایک وفد

نے بھی لیفٹیننٹ گورنر سے ملاقات کرکے ضلع میں کھیلوں کے انفراسٹرکچر کی ترقی سے متعلق مختلف امور ایل جی کی نوٹس میں لائے ۔

یاترا

سالانہ شری امر نا تھ جی یاترا پہلگام اور بال تل دونوں راستوں سے خوش اسلوبی کے ساتھ جا ری ہے۔ دستیاب اعداد و شمار کے مطابق آج صبح دس بجے تک 8 ہزار سے زیادہ یاتریوں نے پوتر گھپا میں شیولنگم کے درشن کئے ۔اُدھر صبح آٹھ بجے تک تقریباً دس ہزار یاتری بال تل سے پوتر گھپا کی طرف روانہ ہوئے ۔ دریں اثناءجموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے آج صبح 373 گاڑیوں میں سوار مزید 8 ہزار 605 یاتریونکا چھٹا قافلہ وادی کی طرف روانہ ہوا ہے ۔

ایڈوائزری

وادی میں بڑھتے درجہ حرارت کے نتیجے میں زراعت اور اس سے منسلک شعبے کافی متاثر ہوئے ہیں ۔ شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کے ڈائریکٹوریٹ آف ایکسٹنشن نے کسانوں کے لئے ایک ایڈوائزری جاری کی ہے ۔ یونیورسٹی کی ڈائریکٹر ایکسٹنشن پروفیسر ریحانہ حبیب کنٹھ نے ایڈوائزری کے بارے میں آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

-- ----V/O----

اس سلسلے میں پروفیسر ریحانہ حبیب کنٹھ کے ساتھ ریکارڈ کیا گیا مکمل انٹرویو آج شام ساڈھے آٹھ بجے نشر کیا جائے گا ۔ ان کے ساتھ ہمکلام ہوں گے آکاشوانی نیوز سرینگر کے سربراہ طارق راتھر۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے کہا کہ حکومت دور دراز علاقوں میں ایک دیرپا عوامی ٹرانسپورٹ نظام قائم کرنے کے لئے پُرعزم ہے۔ کلا سرا گاو

---

ں کے لوگوں کی دیرینہ مانگ پر فوری کارروائی کرتے ہوئے انہوں نے کل جموں سے سندر غ بنی جابہ بھین کے راستے ڈڈل کلا سراجانے والی بس کو ہری جھنڈی دِکھا کرروانہ کیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

**ہمیں دیجئے اجازت**

**خدا حافظ**